# شیخ زاید میڈیکل کالج / ہسپتال، رحیم یار خان

## شرائط نامہ نیلام عام ٹھیکہ برائے سال 2023-24

## سائیکل، موٹر سائیکل، رکشہ، کار وغیرہ

سائیکل سٹینڈ پوائنٹس:

1. مین ہسپتال گیٹ ☆ 2. کالج اور ہسپتال کا درمیانی راستہ

3. پی پی بلاک ☆ 4. بالمقابل CCU

زرِ پیشگی (Earnest Money) مبلغ -/1,000,000 روپے

ریٹ لسٹ: سائیکل فری رکشہ / موٹر سائیکل -/30 روپے کار -/50 روپے

سائیکل سٹینڈ، شیخ زاید ہسپتال، رحیم یار خان کا ٹھیکہ برائے مالی سال 2023-24 درج ذیل شرائط کے تحت دیا جائیگا۔

نوٹ: گاڑی کی انٹری (Entry) مین گیٹ سے ہوگی اور خروج (Exit) پی پی بلاک یا مسجد گیٹ ہسپتال سے ہوگا۔ تاہم پارکنگ کے لئے جگہ کا تعین کر دیا گیا ہے۔ مقررہ جگہ کے علاوہ پارکنگ کی اجازت نہ ہوگی۔

-01 ٹھیکہ مالی سال 2023-24 کے ٹھیکہ کی منظوری کی چٹھی میں درج تاریخ سے ایک سال (365 دن) تک کی مدت کے لئے ہوگا۔

-02 بولی دہندگان رجسٹریشن کے لئے اپنے درج ذیل مکمل کوائف فراہم کرنے کے پابند ہوں گے۔ ان میں سے کسی بھی شرط قبول نہ کرنے کی صورت میں اسے بولی میں بیٹھنے کی اجازت نہ ہوگی۔

ا۔ ٹھیکیدار زرِ پیشگی دس لاکھ روپے (-/CDR(Rs.1,000,000 بنام پرنسپل شیخ زاید میڈیکل کالج و ہسپتال کی شکل میں جمع کرانے کا پابند ہوگا CDR ٹھیکیدار / فرم کے اپنے اکاونٹ سے بنی ہونی چاہیے کسی دوسرے کے نام کی قابل قبول نہ ہوگی۔

۲۔ بولی دہندگان اپنا اصل قومی شناختی کارڈ ہمراہ لائے گا اور نقل جمع کروائے گا۔

۳۔ کامیاب بولی دہندہ -/500 روپے کے اسٹام پیپر پر **بیان حلفی** دے گا کہ ٹینڈر دہندہ خود اور نہ ہی ملازم و مختار کار کسی حکومتی محکمہ سے بلیک لسٹ / باقیدار رہے ہیں اور نہ ہی اس وقت ہیں اور یہ کہ نہ ہی کبھی سزا یافتہ یا دیوالیہ رہے ہیں اور نہ اس وقت ہیں۔ تین لگاتار جرمانوں کے بعد ہسپتال انتظامیہ کو اختیار ہوگا کہ وہ معاہدہ کو منسوخ کردے اور ہسپتال سے بے دخل کر سکتی ہے۔

۴۔ یہ کہ کوئی امر پوشیدہ نہ رکھا گیا ہے اور نہ ہی غلط بیانی سے کام لیا گیا ہے۔ کسی وقت بھی کسی غلط معلومات سے کام لینے یا حقائق کے پوشیدہ رکھنے کے انکشاف ہونے کی صورت میں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ مسترد کرنے کا اور ٹھیکہ منسوخ کرکے ٹھیکیدار / ٹینڈر دہندہ کا زرِ پیشگی اور زرِ ضمانت ضبط کرکے اس کو بلیک لسٹ کرنے / کروانے اور دیگر قانونی چارہ جوئی کا مجاز ہوگا۔

Scanned with CamScanner

۵۔ ٹینڈر دہندہ اگر اب سے پہلے کوئی سائیکل اسٹینڈ کا ٹھیکیدار رہا ہے تو وہ ادارہ کے سربراہ سے تسلی بخش / کلیرنس سرٹیفکیٹ دینے کا پابند ہوگا۔

۶۔ ٹھیکیدار کسی قسم کا نادہندہ (defaulter) نہ ہے۔

۷۔ شرائط نامہ نیلام عام ٹھیکہ برائے سائیکل، موٹر سائیکل، رکشہ، کار سٹینڈ کی تمام شرائط سے باخبر اور مکمل طور پر واقف ہے اور تمام شرائط کا پابند ہے۔

03- بولی دہندہ کی مشروط و مشکوک بولی / پیشکش قابل قبول نہ ہوگی۔ شیخ زاید میڈیکل کالج / ہسپتال کا کوئی باقیدار ٹھیکہ یا بولی میں حصہ نہیں لے گا۔

04- نیلام عام میں بولی دینے کے بعد بولی دہندہ کسی وجہ سے بھی اپنی بولی / پیشکش واپس لینے یا اس میں ترمیم کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ دو بولیوں کے درمیان کا فرق کم سے کم مبلغ -/50,000 (پچاس ہزار روپے) اور زیادہ سے زیادہ -/200,000 (دو لاکھ روپے) بولا جائے گا۔

05- نیلام عام کے دوران بولی دہندہ ہر قسم کے شور شرابہ، لڑائی جھگڑا اور ایسے تمام قول و افعال سے اجتناب کرنے کے پابند ہوں گے جن افراد کی وجہ سے نیلام عام کی کاروائی میں خلل پیدا ہو یا پیدا ہونے کا اندیشہ ہو یا پابندی نہ کرنے والے بولی دہندہ کو کمرہ نیلام عام میں بیٹھنے کی اجازت نہ ہوگی۔ دوران بولی مختلف بولی دہندگان کو ایک دوسرے سے بات چیت کی اجازت نہ ہوگی۔ بولی کی تاریخ گزرنے کے بعد کسی کی پیشکش قبول نہ ہوگی۔

06- ٹھیکیدار اپنے خرچہ پر سائیکل سٹینڈ پر کم از کم چار بورڈ 2x3 فٹ رنگ سیاہ ایسی لکھائی جو اندھیرے میں چمکتی ہو پر مقرر کردہ کرایہ نامہ لکھوا کر آویزاں کرنے کا پابند ہوگا۔ بورڈ آویزاں کرنے کی جگہ کا تعین انتظامیہ کرے گی۔

07- کامیاب بولی دہندہ اپنی کامیاب بولی رقم کے علاوہ ہسپتال میں پہلے سے موجود کمپیوٹرائیز (E-Tag System) بیریئر سسٹم کو موجودہ ٹھیکیدار سے خریدنے اور استعمال کرنے کا پابند ہوگا۔ کمپیوٹرائیز (E-Tag System) سسٹم / بیریئر کی مالیت کا تعین ادارہ ہذہ کی کمیٹی کرے گی۔ کمپیوٹرائیز (E-Tag System) کی جو مالیت تعین ہوگی ٹھیکیدار تین دن میں رقم دینے کا پابند ہوگا۔

08- ٹھیکیدار ہسپتال انتظامیہ کے مقرر کردہ کرایہ نامہ کے مطابق کرایہ وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔

09- زائد کرایہ وصول کرنے کی صورت میں ٹھیکیدار کے خلاف کوئی شکایت ہونے پر پرنسپل صاحب یا میڈیکل سپرنٹنڈنٹ یا چیئرمین سائیکل سٹینڈ کمیٹی کی طرف سے بیس ہزار روپے تک جرمانہ کیا جائے گا۔ جس کی ادائیگی کا وہ پابند ہوگا۔ مزید برآں ہر چیز کے ریٹس ٹوکن پر درج کرنے کا پابند ہوگا۔ گاڑی کا نمبر اور ٹائم ٹوکن پر درج کیا جائیگا ٹوکن کا نمونہ سائیکل اسٹینڈ کمیٹی سے منظور شدہ ہو گا۔

10- ٹھیکیدار سٹینڈ مذکورہ پر کھڑی ہونے والی سائیکل، موٹر سائیکل، سکوٹر وغیرہ کی بمعہ ان کی متعلقہ اشیاء کی حفاظت اور چوری وغیرہ سے بچاؤ کا ذمہ دار ہو گا۔ سٹینڈ پر کھڑی ہونے والی سائیکل / موٹر سائیکل کار کی سکیورٹی کا بھی ذمہ دار ہوگا۔ کسی بھی حادثہ کی صورت میں ٹھیکیدار اس کا ذمہ دار ہوگا۔ مذکورہ سٹینڈ سے کسی بھی وجہ سے گم ہوجانے / تبدیل ہوجانے یا چوری ہوجانے والی سائیکل / موٹر سائیکل / کار وغیرہ کے مالکان کو ٹھیکیدار سات یوم کے اندر گم شدہ سائیکل / موٹر سائیکل / کار وغیرہ کی قیمت ادا کرنے کا پابند ہوگا اور مارکیٹ میں اس روز کی قیمت فروخت کے حساب سے قیمت ادا کی جائیگی جس کا تعین ہسپتال کی کمیٹی کرے گی۔

Scanned with CamScanner

-11 شیخ زاید میڈیکل کالج/ہسپتال، رحیم یارخان کے ملازمین، طلباء وطالبات، محکمہ صحت کے ملازمین اور اراکین سوشل ویلفیئر جو شیخ زاید میڈیکل کالج/ہسپتال میں کسی سرکاری کام کے سلسلہ میں آئے ہوں ان سے سائیکل/موٹرسائیکل اسٹینڈ پر کھڑی کرنے کا کوئی معاوضہ نہ لیا جائے گا۔

-12 سب سے زیادہ بولی دینے والے بولی دہندہ کی بولی کی مجاز اتھارٹی سے منظوری کی صورت میں بولی دہندہ مذکورہ کو سٹینڈ کا ٹھیکہ دے دیا جائیگا اور ٹھیکیدار کے خرچ پر مروجہ قانون کے مطابق اس مالیت کے اسٹامپ پیپر پر ٹھیکیدار سے معاہدہ ٹھیکہ کیا جائے گا۔

-13 ٹھیکیدار زرٹھیکہ کے علاوہ محکمہ بلڈنگز پنجاب کا مقرر کردہ کرایہ عمارت اگر دی گئی ہوگی ادائیگی کا پابند ہوگا۔

-14 ٹھیکیدار بجلی کا بل ہر ماہ جمع کروانے کا پابند ہوگا جس کی رسید کیشیر کے پاس جمع کروائے گا۔

-15 کسی وجہ سے بھی بجلی کے کنکشن کی منقطع ہوجانے کی صورت میں ٹھیکیدار کنکشن کی بحالی کے تمام اخراجات بمعہ جرمانہ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

-16 بجلی کی فراہمی کسی وجہ سے منقطع ہوجانے کی صورت میں ہسپتال انتظامیہ ٹھیکیدار کے کسی قسم کے نقصان کی تلافی وادائیگی کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

-17 کسی بھی وجہ سے ٹھیکہ کے منسوخ ہونے کی صورت میں ہسپتال انتظامیہ ٹھیکہ کا جمع شدہ زرضمانت سالانہ زرٹھیکہ ودیگر رقومات زر پیشگی بحق سرکار ضبط کرلے گی اور ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ کردیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور تمام تر نقصان ٹھیکیدار سے وصول کیا جائے گا۔

-18 ٹھیکہ کے اختتام کی صورت میں ٹھیکیدار پرنسپل/میڈیکل سپرنٹنڈینٹ کی مقرر کردہ معیاد کے اندر سائیکل وکار پارکنگ اسٹینڈ خالی کرنے کا پابند ہوگا یا ٹھیکہ کے منسوخ ہونے کی صورت میں ٹھیکہ کی منسوخی کے 3 دن کے اندر یا پرنسپل/میڈیکل سپرنٹنڈینٹ کی مقرر کردہ معیاد میں سٹینڈ خالی کردینے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر سٹینڈ میں موجود تمام سامان واثاثے بحق سرکار ضبط کرلئے جائیں گے اور پرنسپل/میڈیکل سپرنٹنڈینٹ شیخ زاید میڈیکل کالج/ہسپتال رحیم یارخان ایسی صورت میں ہر قسم کی قفل شکنی کا اختیار ہوگا۔ جس کے لئے ٹھیکیدار/مختار کار کے حصہ دار کسی ملازم کی موجودگی لازم نہ ہوگی۔ سامان ضبط کرنے یا قفل شکنی کی کاروائی کے عمل میں کسی بھی فرد کی طرف سے کسی قسم کی رکاوٹ ڈالنے کی کوشش وعمل کو کار سرکار میں مداخلت بے جا تصور کرتے ہوئے قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

-19 کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کی 20% رقم موقع پر جمع کرانی ہوگی۔ باقی کی 80% رقم تین دن میں جمع کروانے پر ہی معاہدہ دستخط کیا جائے گا اور بعد میں سائیکل سٹینڈ حوالے کیا جائے گا۔

-20 ٹھیکیدار اگر تین دن تک 80% رقم جمع نہ کرائے گا تو اس کا ٹھیکہ منسوخ اور CDR ضبط کرلی جائے گی۔ اور اگر دوسرے نمبر (2ndHighest) ٹھیکہ در 80% رقم جمع نہ کروائے تو ٹھیکہ منسوخ اور CDR ضبط کرئی جائے گا۔ اور تیسرے نمبر پر بولی دہندگان کے ساتھ منظوری کے سلسلے میں معاہدہ کیا جاسکتا ہے۔

Scanned with CamScanner

21- کوئی کار، موٹر سائیکل / رکشہ، سائیکل جس کے مالک کو ایک دن میں بار بار ہسپتال آنا ہوگا ٹھیکہ دار انتظامیہ اس سواری کے مالک کو ایک پاس جاری کرنے کی پابند ہوگی جس کے نرخ مندرجہ ذیل ہوگے۔ پاس کے حصول کے بعد سواری کے مالک کو ہسپتال میں آنے اور جانے کے لیے 24 گھنٹے تک اضافی ٹوکن لینے کی ضرورت نہ ہوگی۔

موٹر سائیکل -/50 روپے، کار -/100 روپے

22- ٹھیکہ نیلامی کمیٹی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ اشتہار یا شرائط نامہ کی کسی شرط کو بوقت نیلامی منسوخ / معطل یا تبدیل کر لے۔

23- دوران ٹھیکہ یا ٹھیکہ کے بعد حسابات میں سہواً غلطی کی صورت میں یا آڈٹ، انسپکشن یا کسی بھی ایجنسی کی طرف سے جانچ پڑتال کے دوران ادارہ ہذا کو ممکنہ نقصان کی صورت میں ٹھیکیدار تمام تر نقصان کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا۔

24- تمام مروجہ ٹیکس ٹھیکیدار کے ذمہ ہوں گے۔ جس میں ٹیکس کی رقم ٹھیکہ کی رقم کے علاوہ ہوگی۔

25- ٹھیکہ دار کا تمام عملہ کمیٹی کی طرف سے تجویز کردہ یونیفارم پہننے کا پابند ہوگا۔

26- ٹھیکہ دار اپنا اور اپنے تمام عملہ کی پولیس کلیئرنس سرٹیفکیٹ، میڈیکل سرٹیفکیٹ (07 Days) سات دن کے اندر اندر ایم ایس آفس اور چیئرمین سائیکل سٹینڈ کمیٹی کے آفس میں جمع کرائے گا۔

27- کامیاب بولی دہندہ ادارہ کے مین انٹری گیٹ پر تمام داخل ہونے والی گاڑیوں و موٹر سائیکل وغیرہ کا ریکارڈ رکھنے کے لئے کیمرہ و کمپیوٹر سسٹم چلانے کا پابند ہوگا جو کہ فی الوقت ہسپتال میں لگا ہوا ہے اور بولی دہندگان اس کو خریدنے کا پابند ہوگا جس کی قیمت کا تعین ایویلویشن کمیٹی کرے گی۔

28- تمام موٹر سائیکل / سائیکل اسٹینڈ (Maintain / Renovate) کرنے کا پابند ہوگا۔

29- تمام سائیکل اسٹینڈ ملازمین کا اپنا سروس کارڈ ہمراہ رکھنا لازم ہوگا۔

ڈاکٹر عمران بشیر
میڈیکل سپرنٹنڈنٹ
شیخ زید ہسپتال، رحیم یار خان

**نام و دستخط ٹھیکیدار:۔** ____________ شناختی کارڈ نمبر:۔ ____________

Scanned with CamScanner